نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کے فروغ اور زرعی مداخل کی دستیابی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

امسال وزیر اعلیٰ پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ گندم کے بیج پر کاشتکاروں کے لیے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے، کسان کارڈ کے تحت زرعی مداخل کی خریداری کے لیے 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 13 لاکھ 50 ہزار ایکڑ مقرر۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور 04 نومبر 2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کمشنر آفس میں لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف، پیداواری منصوبہ بندی اور زرعی مداخل کی دستیابی و قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبران صوبائی اسمبلی غزالی سلیم بٹ اور ملک شہباز علی، سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں اور کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، محمد شہباز اختر، ڈاکٹر عامر رسول سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ رواں سال صوبے میں گندم کی کاشت کا ہدف ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے، جبکہ لاہور ڈویژن میں 13 لاکھ 50 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔غذائی تحفظ کے قومی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کا حصول ناگزیر ہے۔

صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ گندم کے بیج پر کاشتکاروں کے لیے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے، جبکہ کسان کارڈ کے تحت گندم کے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کی خریداری کے لیے 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔اب تک اڑھائی سال کے دوران کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو مجموعی طور پر 425 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔اسی طرح گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت اب تک کسانوں کو 45 ہزار ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے گئے ہیں۔وزیر زراعت نے کہا کہ گندم کی 4500 روپے فی من مجوزہ قیمت کاشتکاروں کے لیے ایک بہترین پیکیج ہے۔حکومت پنجاب گندم کی پیداوار میں اضافے اور کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ گندم کی لائنوں میں کاشت اور جدید زرعی مشینری کے استعمال کو بھرپور فروغ دیا جائے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ممکن بنایا جا سکے۔سید عاشق حسین کرمانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کے منظور شدہ بیج کا تھیلا 7 ہزار روپے میں

فروخت کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ گندم کے بیج کی ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور بلیک مارکیٹنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ مقررہ قیمت سے زائد وصولی کی صورت میں متعلقہ افسران جواب دہ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی افسران اپنے اضلاع میں بیج ڈیلرز کی مسلسل نگرانی کریں اور کاشتکاروں کو معیاری بیج کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں۔

وزیر زراعت نے مزید ہدایت کی کہ نہری پانی چوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے اور زرعی مشینری کے مقررہ کرایوں سے زائد وصولی کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ محکمہ زراعت توسیع کا فیلڈ عملہ کاشتکاروں کی رہنمائی اور گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فیلڈ میں متحرک رہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کے پروگرام ''اپنا کھیت اپنا روزگار'' کے تحت سرکاری اراضی پر گندم کی سو فیصد کاشت یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ لاہور ڈویژن میں رواں سال گندم کی کاشت کا ہدف گزشتہ سال کے مقابلے میں 50 ہزار ایکڑ بڑھایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوریا، ڈی اے پی اور این پی کھادوں کے دستیاب ذخائر تسلی بخش ہیں۔ فصلوں کی باقیات جلانے اور نہری پانی چوری کرنے والوں کے خلاف مقدمات کے اندراج اور جرمانوں کی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔

کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے اجلاس کو یقین دلایا کہ گندم کی کاشت کے لیے معیاری زرعی مداخل کی دستیابی اور مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ محکمہ زراعت سے بھرپور تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی مداخل کی قیمتوں اور دستیابی کی مسلسل نگرانی کی جائے گی تاکہ کاشتکاروں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

☆☆☆☆